12454 ـ غسل کرنے سے قبل عورت کا بچے کو دودھ پلانا جائز ہے

سوال

کیا عورت غسل جنابت کرنے سے قبل اپنا دودھ بچے کوپلا سکتی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

عورت کا غسل سے قبل بچے کو دودھ پلانا جائز ہے چاہے وہ غسل جنابت یاحیض یا پھر نفاس کے بعد والا غسل ہو ، ان حالات میں بچے کو دودھ پلانے کے لیے غسل کرنے کی کوئي دلیل نہیں ملتی ۔

بلکہ نماز اورہروہ عبادت جس کے لیے طہارت کرنا واجب ہے غسل جنابت کرنا بھی واجب ہے ، اورحیض اورنفاس والی عورت کوجب حیض یا نفاس ختم ہوتوان عبادات کے لیے غسل کرنا واجب ہوگا ، اوراس لیے بھی غسل کرنا واجب ہے تا کہ وہ اپنے خاوند کی وطئی کے لیے حلال ہوسکے ۔

اسی طرح نفاس اورحیض والی عورت قرآن مجید کے علاوہ ہرچیز کو چھو سکتی ہے صرف مصحف چھونا حرام ہے ۔

واللہ اعلم .